# لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ

## رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

- اے لوگو! **لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ** کہہ دو! فلاح پا جاؤ گے۔[مسند احمد:376]
- سب سے افضل ذکر **لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ** ہے۔[سنن الترمذی:3383]
- جو شخص اس حال میں فوت ہوا کہ اسے **لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ** کا یقینی علم تھا تو وہ جنت میں جائے گا۔[صحیح مسلم:134]
- جس کا آخری کلام **لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ** ہو گا وہ جنت میں داخل ہو گا۔[سنن أبی داؤد:3116]
- جس بندے نے **لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ** کہا اور پھر اسی پر مر گیا تو وہ جنت میں داخل ہو گا۔[صحیح مسلم:94]
- جب بندہ کہتا ہے **لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَ اللّٰهُ اَكْبَرُ** تو اس کا رب اس کی تصدیق کرتا ہے۔

جب بندہ کہتا ہے **لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ** تو اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: میرے علاوہ کوئی معبود نہیں میں اکیلا ہوں۔

جب بندہ کہتا ہے **لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيْكَ لَهُ** تو اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: میرے علاوہ کوئی معبود نہیں اور میرا کوئی شریک نہیں۔

جب بندہ کہتا ہے **لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ لَهُ الْمُلْكُ وَ لَهُ الْحَمْدُ** تو اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: میرے علاوہ کوئی معبود نہیں، میرے لیے ہی بادشاہی ہے اور میرے لیے ہی ہر قسم کی تعریف ہے۔

جب بندہ کہتا ہے **لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَ لَا حَوْلَ وَ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ** تو اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: میرے علاوہ کوئی معبود نہیں اور (گناہ سے بچنے کی) ہمت اور (نیکی کرنے کی) طاقت مجھ ہی سے حاصل ہو سکتی ہے۔

جس نے اپنی بیماری میں یہ کہا اور پھر فوت ہو گیا اسے دوزخ کی آگ نہیں کھائے گی۔[سنن الترمذی:3430]

© AL-HUDA INTERNATIONAL WELFARE FOUNDATION

- جو اپنے مال کو خرچ کرنے سے بچائے، دشمن سے جہاد کرنے سے ڈرے اور رات سے خوف کھائے کہ وہ اس کو پریشان کرے گی تو اسے چاہیے کہ وہ اس قول کی کثرت کرے **لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ وَ اللّٰهُ اَكْبَرُ.** [الادب المفرد:275]

- جو کوئی روئے زمین پر کہتا ہے **لَا اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰـهُ وَ اللّٰهُ اَكْبَرُ وَ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ وَ لَا حَوْلَ وَ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ** تو اس کے (تمام) گناہ مٹا دیے جاتے ہیں خواہ سمندر کی جھاگ کے برابر ہی کیوں نہ ہوں۔[سنن الترمذی:3460]

- تم میں جو کوئی صبح کرتا ہے تو اس کے ہر جوڑ پر صدقہ لازم ہے۔ ہر مرتبہ **سُبْحَانَ اللّٰهَ** کہنا صدقہ ہے، ہر مرتبہ **اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ** کہنا صدقہ ہے، ہر مرتبہ **لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ** کہنا صدقہ ہے، ہر مرتبہ **اَللّٰهُ اَكْبَرُ** کہنا صدقہ ہے، نیکی کا حکم دینا صدقہ ہے اور برائی سے روکنا بھی صدقہ ہے۔[صحيح مسلم:1671]

- نمازِ فجر کے بعد جو شخص سو مرتبہ **سُبْحَانَ اللّٰهِ** کہے اور سو مرتبہ **لَا اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ** کہے تو اس شخص کے گناہ معاف کر دیے جاتے ہیں اگر چہ وہ سمندر کی جھاگ کے برابر ہی کیوں نہ ہوں۔[سنن النسائی:1355]

- جس نے صبح کے وقت کہا **لَا اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰـهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيْكَ لَهُ، لَهُ الْمُلْكُ وَ لَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ** تو اسے اولادِ اسماعیل میں سے ایک غلام آزاد کرنے کا ثواب ہو گا، اس کے لیے دس نیکیاں لکھی جائیں گی، اس سے دس برائیاں مٹائی جائیں گی، اس کے دس درجات بلند کیے جائیں گے اور وہ شام تک کے لیے شیطان سے حفاظت میں رہے گا اور اگر شام کو یہ کہہ لے تو صبح تک کے لیے یہی کچھ ہے۔[سنن أبي داؤد:5077]

- جس نے صبح کے وقت دس بار یہ کہا **لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيْكَ لَهُ، لَهُ الْمُلْكُ وَ لَهُ الْحَمْدُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ** اللہ اس کے لیے اس کی وجہ سے دس نیکیاں لکھتا ہے، اس کے دس گناہ معاف کرتا ہے، اس کے دس درجے بلند کرتا ہے، اسے چار غلاموں کے آزاد کرنے کے برابر ثواب ملتا ہے اور شام تک یہ کلمات اس کی حفاظت کرتے ہیں۔ جس نے ان کو اپنی مغرب کی نماز کے بعد کہا تو صبح تک ایسا ہی ہوتا ہے۔[صحيح الترغيب والترهيب:474]

- جس نے صبح کی نماز سے فارغ ہونے کے بعد دس بار کہا **لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيْكَ لَهُ، لَهُ الْمُلْكُ وَلَـهُ الْحَمْدُ بِيَدِهِ الْخَيْرُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ** اس کی وجہ سے اسے سات باتیں عنایت ہوتی ہیں، اللہ

© AL-HUDA INTERNATIONAL WELFARE FOUNDATION

اس کے لیے دس نیکیاں لکھتا ہے اور اس سے دس برائیاں دور کرتا ہے، اس کے دس درجے بلند کرتا ہے اور دس جانوں کے آزاد کرنے کے برابر اس کو ثواب ملتا ہے، شیطان سے اس کی حفاظت ہوتی ہے، وہ ہر مکروہ چیز سے محفوظ رہتا ہے اور اس روز شرک کے علاوہ اس کے سب گناہ معاف ہو جاتے ہیں اور جس نے اس کو مغرب کے بعد کہا اس کو بھی رات میں ایسا ہی ثواب دیا جاتا ہے۔[صحیح الترغیب والترھیب:475]

- جس نے یہ کلمہ دن میں سو دفعہ پڑھا **لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ** اسے دس غلاموں کو آزاد کرنے کا ثواب ملے گا اور اس کے لیے سو نیکیاں لکھ دی جائیں گی اور اس کی سو برائیاں مٹا دی جائیں گی اور اس دن وہ شیطان کے شر سے محفوظ رہے گا یہاں تک کہ وہ شام کر لے اور کوئی شخص (اس دن) اس سے بہتر عمل نہیں لاتا سوائے اس شخص کے جو اس سے زیادہ کرے۔[صحیح البخاری:6403]

- میں بیٹھ کر اللہ کا ذکر کروں **اَللّٰهُ اَكْبَرُ، اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ، سُبْحَانَ اللّٰهِ، لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ** یہاں تک کہ سورج طلوع ہو جائے (یہ) مجھے اولادِ اسماعیلؑ میں سے دو یا اس سے زیادہ غلام آزاد کرنے سے زیادہ محبوب ہے اور عصر کے بعد سے غروب آفتاب تک (اللہ کا ذکر کرنا) مجھے اولادِ اسماعیلؑ میں سے چار غلام آزاد کرنے سے زیادہ محبوب ہے۔[مسند احمد:22194]

- جو شخص مغرب کے بعد دس مرتبہ پڑھے گا **لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ يُحْيِيْ وَيُمِيتُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ** اللہ (اس کی حفاظت کے لیے) اسلحہ بردار فرشتے مقرر کر دیں گے جو اس کی صبح تک شیطان سے حفاظت کریں گے۔[سنن الترمذی:3534]

- جو شخص اپنے بستر پر جا کر یہ دعا پڑھے تو اس کے سارے گناہ معاف کر دیے جاتے ہیں اگرچہ سمندر کی جھاگ کے برابر ہوں **لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ، لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ، لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ، سُبْحَانَ اللّٰهِ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ.**

[صحیح ابن حبان:5528]

- جس شخص کی رات کو آنکھ کھل گئی اور اس نے جاگ کر یوں کہا **لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ، لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ، وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ، اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ وَسُبْحَانَ اللّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ** پھر (اس کے بعد) کہا **اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِيْ** یا کوئی بھی دعا کی تو اس کی دعا قبول کی جاتی ہے اور اگر اس نے وضو کیا اور نماز پڑھی تو اس کی نماز قبول کی جاتی ہے۔[صحیح البخاری:1154]

©AL-HUDA INTERNATIONAL WELFARE FOUNDATION

- آپ ﷺ جب رات کو بھوک کی شدت کی وجہ سے کروٹیں بدلتے تو (یہ دعا) پڑھتے **لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ رَبُّ السَّمَاوَاتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا الْعَزِيْزُ الْغَفَّارُ** کوئی معبود برحق نہیں مگر اللہ، جو اکیلا بہت زبردست ہے، آسمانوں، زمین اور ان دونوں کے درمیان تمام چیزوں کا رب ہے، وہ بہت غالب، بہت بخشنے والا ہے۔ [السلسلة الصحيحة:2066]

- نبی کریم ﷺ پریشانی آنے پر یہ فرماتے تھے **لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْعَظِيْمُ الْحَلِيْمُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ رَبُّ السَّمٰوَاتِ وَرَبُّ الْاَرْضِ رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ** اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں ہے جو نہایت عظمت والا بردبار ہے، اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں ہے جو عرش عظیم کا رب ہے، اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں جو آسمانوں کا رب اور زمین کا رب، عرش کریم کا رب ہے۔ [صحيح مسلم:69]

- سیدنا علیؓ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ جب مجھ پر مصیبت آئی تو رسول اللہ ﷺ نے مجھے سکھایا ہے کہ میں کہوں **لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْحَلِيْمُ الْكَرِيْمُ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَتَبَارَكَ اللّٰهُ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ** اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ نہایت بردبار سخی ہے، اللہ پاک ہے اور اللہ کی ذات بڑی بابرکت ہے، وہ عرش عظیم کا رب ہے اور تمام تعریف اللہ کے لیے ہیں جو تمام جہانوں کا رب ہے۔ [مسند احمد:701]

- بہترین دعا عرفہ کے دن کی دعا ہے اور بہترین بات جو میں نے اور مجھ سے پہلے انبیا نے کہی وہ کلمہ ہے **لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيْكَ لَهُ، لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ.** [سنن الترمذی:3585]

جنوری 2018 | ایڈیشن:1

**الھدیٰ پبلیکیشنز (پرائیوٹ) لمیٹڈ**

7-اے کے بروہی روڈ H-11/4 اسلام آباد، پاکستان 1-4866130-51-92+ 9-4866125-51-92+

کراچی: 2-35844041-21-92+ لاہور: 41-35239040-42-92+

www.alhudapublications.org | www.alhudapk.com

www.farhathashmi.com

AL-HUDA Publications (Pvt) Ltd.

05010116

© AL-HUDA INTERNATIONAL WELFARE FOUNDATION